100119

No. of Printed Pages : 3

GS-165

IV Semester B.Com./B.H.M. Examination, May/June 2019

LANGUAGE URDU-IV

PROSE, POETRY AND NON-DETAILED

(CBCS) (F+R) (2015-16 & Onwards)

Time : 3 Hours　　　　Max. Marks : 70

Instructions : *(i)* *Answer **all** questions.*
(ii) *Marks are indicated against each question.*

I. صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔　　　　**10x1=10**

1. میرا ابا دالان کے در میں کھڑا __________ پڑھ پڑھ کر آسمان پر پھونک رہا ہوگا۔ (قل شریف۔ الحمد شریف۔ قران شریف)

2. جشن نوروز کا مغلوں کے دور میں __________ میں بہت رواج ہوا۔ (ہندوستان۔ پاکستان۔ افغانستان)

3. تمام ارکان شاہی نے بادشاہ کو لکھا یہ آپ کیا غضب کر رہے ہیں __________ کے واپس ملنے کی پوری اُمید ہے۔
(ملک اودھ۔ ملک دلی۔ ملک لکھنو)

4. حضرت اسماء بنت ابو بکر کے __________ بیٹے میدان جہاد میں شہید ہوئے۔ (سات۔ پانچ۔ آٹھ)

5. __________ کا استعمال پہلے پہل صرف دستاویزوں کو تیار کرنے ڈیٹا ڈالنے کے لیے کیا جاتا تھا۔ (انٹرنیٹ۔ کمپیوٹروں۔ موبائل)

6. ٹوئیٹر مقبولیت کے معاملے میں فیس بک کے بعد دوسرے نمبر پر ہے۔ (صحیح۔ غلط)

7. بدو نے آپا کو چلتے ہوئے اُپلے سے تشبیہ دی تھی۔ (صحیح۔ غلط)

8. نظم آدم کا نزول میں آدم کے جنت میں رہنے کا قصہ بیان ہوا ہے۔ (صحیح۔ غلط)

9. پرویز شاہدی نے نظم شاعر لکھی ہے۔ (صحیح۔ غلط)

10. نظم بھونکنے کے آداب طنز و مزاح سے بھری ہوئی ہے۔ (صحیح۔ غلط)

P.T.O.

Scanned by CamScanner

2x8=16

II. کسی دو سوالوں کے تفصیلی جواب لکھئے۔

1. تلمیح کی تعریف کرتے ہوئے کسی دو تلمیحات کی وضاحت کیجیے۔

2. انٹرنیٹ کے مختلف مراحل پر اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

3. مصنف اور سبز پری کے درمیان کیا گفتگو ہوئی ؟

3x3=9

III. کسی تین کے مختصر جواب لکھئے۔

1. حضرت اسماء بنت ابوبکر کو ذات النطاقین کا لقب کیوں عطا کیا گیا تھا ؟

2. نعت شریف میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح وثنا کس طرح بیان کی گئی ہے ؟

3. نظم مولانا آزاد میں نظم نگار نے آزاد کے عزم راسخ کی کیا مثالیں دی ہیں ؟

4. واجد علی شاہ انگریزوں کے شرائط ماننے پر کیسے آمادہ ہوئے ؟

5. مصنف سے سبز پری کی ملاقات کب اور کہاں ہوئی ؟

3x2=6

IV. متن کے حوالے سے کسی تین جملوں کی وضاحت/ تشریح کیجیے۔

1. ''ہمارے یہاں تو دیوتاؤں کے ماتھے سے روشنی پھوٹتی ہے کیا تمہارے پاپا دیوتا ہیں''۔

2. ''ہاروت ماروت نے اللہ تعالی کے حضور میں عرض کیا تھا اگر انسان کی جگہ دنیا میں ہم رہتے تو ایسا ہرگز نہ کرتے''۔

3. ''سچ تو یہ ہے کہ ان دنوں لکھنو، لکھنو نہ رہا مٹیا برج لکھنو تھا وہی چہل پہل تھی''۔

4. ''تو جھوٹ بولتا ہے وہ اپنی والدہ سے نیک سلوک کرتا تھا روزے رکھتا تھا''۔

5. نو عروس دہر نے زلفوں کو برہم کر دیا
چاند مجرے کو جھکا سورج نے سر خم کر دیا

6

V. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔

1. آدم کا نزول 2. شاعر 3. ابوالکلام آزاد

Scanned by CamScanner

VI. کسی تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ 3x3=9

1. ہمیں تو باغ تجھ بن خانہ ماتم نظر آیا
ادھر گل پھاڑتے تھے جیب، روتی تھی شبنم ادھر

2. دکھلائیے لے جا کے تجھے مصر کا بازار
لیکن نہیں خواہاں کوئی واں جنس گراں کا

3. غیر پھرتا ہے لئے یوں ترے خط کو کہ اگر
کوئی پوچھے کہ یہ کیا ہے تو چھپائے نہ بنے

4. مانگا کریں گے اب سے دعا ہجر یار کی
آخر تو دشمنی ہے اثر کو دعا کے ساتھ

5. نار نمرود کو کیا گلزار
دوست کو یوں بچا لیا تو نے

VII. (الف) کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ 2x4=8

1. پی۔آر۔او کے اہم فرائض کیا ہیں ؟

2. فیس بک کے دو اہم فائدے اور نقصانات بتائیے۔

3. تصدق نے ساجدہ سے شادی کیوں کی ؟

(ب) کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ 2x3=6

1. فیس بک سے کیا ادبی فائدے ہو سکتے ہیں ؟

2. زبانی ترسیل کی تعریف کرتے ہوئے اسی کی قسمیں بتائیے ؟

3. آپا کے کردار پر نوٹ لکھئے۔

-o0o-

Scanned by CamScanner